فوری ریلیز کے لیے: 5/4/2024 گورنر ***KATHY HOCHUL***

## گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ ڈچس کاؤنٹی میں ریاستی روٹ 376 کے ساتھ نئے چوراہے پر تعمیراتی کام شروع کیے جا رہے ہیں

***یہ پراجیکٹ پفکیپسی ٹاؤن میں واقع ہوکر ایوینیو کے ساتھ بنے ہوئے انٹرسیکشن کو ٹریفک کا بہاؤ بہتر بنانے اور اس مصروف روڈ وے پر حفاظت میں اضافہ کرنے کے لئے نئے سرے سے تشکیل دے گا***

***پیدل چلنے والوں کے لئے نیا راستہ بنایا جائے گا تاکہ وسار کالج تک آنا جانا آسان ہو جائے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ سٹیٹ روٹ 376 (جسے ریمنڈ ایونیو/نیو ہیکنسیک روڈ بھی کہا جاتا ہے) اور پوفکیپسی ٹاؤن میں واقع ہوکر ایونیو کو نئے سرے سے تشکیل دے کر ایک جدید، سنگل لین راؤنڈ اباؤٹ بنانے والے $11.4 ملین کے منصوبے پر کام جلد ہی شروع کر دیا جائے گا جس سے ڈچس کاؤنٹی کے اس اہم روڈ وے کے ساتھ حفاظت بڑھے گی اور ٹریفک کا بہاؤ بہتر ہو جائے گا۔ یہ نئی چورنگی مقامی سجاوٹوں اور تزئین و آرائش سے مزین کی جائے گی اور اسے ان مقامات کو کم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا جائے گا جن پر سے گزرتے ہوئے گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں مختلف قسم کی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ اس سے غلط سمت میں واپس پلٹنے کے واقعات میں بھی کمی آئے گی۔ نئے کراس واکس، فٹ پاتھیں اور پیدل چلنے والوں کے لئے دیگر سہولیات بھی قریبی مقامات تک رسائی کو آسان بنا دیں گی، جن میں وسار کالج اور وسار فارمز جیسے مقامات شامل ہیں۔

"ریاست نیو یارک نے پائیدار ٹرانسپورٹیشن نیٹ ورک بنانے کے لیے اپنے بنیادی ڈھانچے کا از سر نو تصور کرنے میں راہنمائی کرنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے جس سے کمیونٹیز زیادہ بہتر طریقے سے باہم منسلک ہو رہی ہیں اور لوگ ان مقامات تک بحفاظت اور آسانی سے پہنچ سکتے ہیں جہاں انہیں جانے کی ضرورت ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چوراہے اور چورنگیاں زیادہ کارآمد ہوتے ہیں، ماحول کے لیے زیادہ بہتر ہوتے ہیں، اور گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں دونوں کے لیے حفاظت اور آنے جانے میں آسانی اور بہتری پیدا کرتے ہیں جب وہ مصروف مقامات سے گزر رہے ہوں۔"

اس پروجیکٹ کی منصوبہ بندی ریاست نیو یارک محکمۂ آمد ورفت (Department of Transportation) کے "Complete Streets" اقدام کے اہداف پورے کرنے کے لئے کی گئی تھی اور اسے اسی طور پر تعمیر کیا جائے گا کہ یہ روڈ وے پر سفر کرنے والے ہر عمر اور استعداد والے افراد کے لیے حفاظت، آسان رسائی اور سہولت پیدا کرے۔ کمپلیٹ اسٹریٹس پروجیکٹس میں پیدل چلنے والوں، سائیکل سواروں، پبلک ٹرانسپورٹ کے سواروں، موٹرسائیکل سواروں، بچوں، بوڑھوں اور معذور افراد کی ضروریات زیرِ غور لائی گئی ہیں۔ Complete Street کے ڈیزائن ایک صاف ستھرے اور زیادہ ماحول دوست ٹرانسپورٹیشن سسٹم میں بہت اچھا حصہ ڈالتے ہیں۔

چوراہوں اور چورنگیوں کو زیادہ سے زیادہ حفاظت اور بھیڑ بھاڑ کم کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ بعض روایتی انٹر سیکشنز کے مقابلے میں ٹریفک کا بہاؤ ان گول چوراہوں پر زیادہ بہتر ہوتا ہے، بھیڑ بھاڑ کم ہوتی ہے اور سفر کا دورانیہ کم ہو جاتا ہے۔ راؤنڈ اباؤٹس پر ہونے والے حادثات کم شدید ہوتے ہیں کیونکہ ان میں عام طور سے رفتار کم ہوتی ہے۔ راؤنڈ اباؤٹس سے بجلی سے چلنے والے ٹریفک سگنلز کی ضرورت بھی ختم ہو جاتی ہے۔ کسی

راؤنڈ اباؤٹ سے محفوظ طریقے سے گزرنے کے طریقے سیکھنے کے لیے، یہ مفید ویڈیو دیکھیں: [www.youtube.com/watch?v=xcxnCngm7E4](www.youtube.com/watch?v=xcxnCngm7E4)

اس پراجیکٹ کی ڈیزائننگ میں، ریاست نیویارک کے محکمہ آمد و رفت نے واسر کالج کے حکام اور کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز سے بھی انکی رائے حاصل کی تھی۔ نتیجتاً، یہ نیا راؤنڈ اباؤٹ کالج کے پیدل چلنے والے راستے، نئی فیکلٹی ہاؤسنگ اور واسر فارم کے نئے ڈرائیو وے تک بہتر رسائی بھی مہیا کر دیں گے۔

اس کے علاوہ، اس پروجیکٹ میں نئے سجاوٹی علاقے کے لیے بھی جگہ رکھی گئی ہے، بشمول راؤنڈ اباؤٹ کے وسط میں۔ کمیونٹی کے جمالیاتی تصورات کو برقرار رکھنے کے لیے NYSDOT کے لینڈ اسکیپ آرکیٹیکٹس نے زمین کی تزئین و آرائش کا ایک منصوبہ تیار کیا جس کے تحت تقریباً 59 مقامی پودے اور 600 سے زیادہ سدا بہار پودے لگائے جائیں گے۔ NYSDOT نے پروجیکٹ کی تیاری میں کاغذی دستاویزات کی تعداد محدود کرنے اور زیادہ پائیدار اور ماحول دوست نتائج کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈیجیٹل ڈیلیوری والی تکنیکیں بھی استعمال کیں۔

اس موسم بہار میں فیلڈ کی تیاری، سروے اور یوٹیلٹی کے کام شروع ہو جائیں گے، جبکہ پروجیکٹ کا زیادہ تر تعمیراتی کام 2024 کے تعمیراتی سیزن کے لیے طے شدہ ہے۔ توقع ہے کہ تعمیرات مختلف مراحل میں کی جائیں گی اور ان میں ٹریفک کو متبادل راستوں پر منتقل کرنے اور ون وے ٹریفک شامل ہوگا اور بعض اوقات مکمل بندش بھی کی جائے گی۔ یہ منصوبہ سنہ 2025 کے آخر میں موسمِ بہار میں مکمل کرنے کے للئے شیڈول کیا گیا ہے۔

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمدورفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "DOT میں ہماری توجہ ان افراد اور کمیونٹیز پر مرکوز رہتی ہے جن کی خدمت کرنا ہماری ذمہ داری ہے، اور یہ پروجیکٹ اس فلسفے کی ایک عمدہ مثال ہے جس میں بنیادی ڈھانچے کے ایسے حلوں پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے جو Complete Streets وہ مکمل اصول برائے کار لاتے ہیں جو کمیونٹی کی خدمت کے بارے میں ہیں۔ ڈچس کاؤنٹی کے اس مصروف چوراہے کو راؤنڈ اباؤٹ میں تبدیل کرنے سے بھیڑ میں کمی آئے گی اور حفاظت میں اضافہ ہوگا، جبکہ ٹرانسپورٹیشن سسٹم کے تمام استعمال کنندگان کے لیے رسائی بھی بہتر بن جائے گی۔"

**ریاستی سینیٹر Robert Rolison نے کہا،** "بنیادی ڈھانچے کا یہ منصوبہ ایک مصروف راہداری پر ٹریفک کی روانی بہتر بنائے گا، ڈرائیوروں اور پیدل چلنے والوں کی حفاظت بڑھائے گا، اور ٹاؤن آف پوکیپسی کے رہائشیوں اور دیگر لوگوں کے لیے نقل و حمل کے اختیارات مزید بڑھا دے گا۔ میں اپنی ہڈسن ویلی کے روڈ ویز میں سرمایہ کاری کرنے پر گورنر اور محکمہ ٹرانسپورٹیشن کے حکام کا دل سے معترف اور اس انتہائی ضروری راؤنڈ اباؤٹ کی تکمیل کا منتظر ہوں۔"

**رکن اسمبلی Didi Barrett نے کہا،** "Complete Streets کی ایک طویل عرصے سے حمایت کرنے والے کے طور پر، جو گاڑیوں، سائیکل سواروں، عوامی نقل و حمل اور تمام عمروں اور صلاحیتوں والے پیدل چلنے والوں کو سہولت دیتے ہوئے ٹریفک کے محفوظ اور ہموار بہاؤ کو یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں، اب مجھے یہ دیکھ کر خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ نئے ڈیزائن والا یہ بڑا منصوبہ پفکیسی کے قصبے میں ہمارے ڈسٹرکٹ آفس کے بالکل نیچے ہُوکر اور ریمنڈ ایوینیوز پر شروع کیا جا رہا ہے۔ میں گورنر Kathy Hochul اور NYS کے محکمۂ نقل و حمل کا بنیادی ڈھانچے کی اس اہم بہتری کے لیے تعاون کرنے کے لیے انتہائی شکرگزار ہوں۔"

NYSDOT راؤنڈ اباؤٹس کے بارے میں آن لائن بھی مزید معلومات فراہم کرتا ہے
اور [www.dot.ny.gov/main/roundabouts](www.dot.ny.gov/main/roundabouts) پر ڈاؤن لوڈ کے قابل بروشرز بھی۔ راؤنڈ اباؤٹس پر سے محفوظ طریقے سے گزرنے کے بارے میں ہدایات کی ایک مفید ویڈیو [ڈرائیونگ راؤنڈ اباؤٹس](#) پر دستیاب ہے۔

موٹر سواروں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ کام کے علاقوں میں رفتار کم کریں اور ذمہ داری سے گاڑی چلائیں۔ جس علاقے میں کام ہو رہا ہے وہاں تیز رفتاری کے جرمانے دوگنا کیے جا چکے ہیں۔ جہاں کام جاری ہو اس علاقے میں حدِ رفتار کی دو یا اس سے زیادہ مرتبہ خلاف ورزی کرنے کا نتیجہ ایسے ڈرائیور کے ڈرائیونگ لائسنس کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

تازہ ترین سفری معلومات کے لیے، 511 پر کال کریں، www.511NY.org ملاحظہ کریں یا مفت NY511 موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

ریاست نیو یارک کے DOT کو ٹوئٹر پر فالو کریں: @NYSDOT اور @NYSDOTHV۔ NYSDOT آپکو Facebook پر یہاں ملے گا facebook.com/NYSDOT۔

###


مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418



گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں